سوال

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا گناہ گار شخص کی میت وزنی ہوتی ہے ۔ ؟ میں نے سنا ہے کہ جو شخص دنیا میں برے کام کرتا ہے تو مرنے کے بعد اس کی میت کا وزن بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے ۔ ؟ اور جنازے کے وقت لوگوں کو میت اٹھانے میں بھی مشکل ہوتی ہے ، اس کی کیا حقیقت ہے ۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کی حد تک ایسی کوئی بات نصوص شرعیہ سے ثابت نہیں ہے ۔ فتویٰ کمیٹی سعودی عرب سے اس مسئلے کے بارے پوچھا گیا ، تو اس نے جواب دیتے ہوئے کہا :

"لا نعلم لخفة الجنازة وثقلها أسبابا سوى الأسباب الحسية ، وهي خفة الميت ، وضخامة الجسم ، أما من يزعم أن ذلك يدل على كرامة الميت إذا كان خفيفاً ، وعلى فسقه إذا كان ثقيلا ، فهذا شيء لا أصل له في الشرع المطهر فيما نعلم . وأما حركة الجنازة على النعش فيدل ذلك على حياته ، وأنه لم يمت ، فلينظر في شأنه ، وليعرض على الطبيب المختص حتى يقرر موته وحياته ، ولا يستعجل في دفنه حتى يعلم يقينا أنه ميت " انتهى "فتاوى اللجنة الدائمة" (9/86)

ہمارے علم میں کسی جنازہ کے ہلکا یا بھاری ہونے کے اسباب محض حسی اسباب ہیں ۔ مثلاً میت کا ہلکا ہونا یا بھاری جسم کا ہونا ۔ اور جو شخص یہ سمجھتا ہے کہ اگر جنازہ ہلکا ہو تو یہ میت کی کرامت ہے ۔ اور اگر بھاری ہو تو یہ اس کے فسق و فجور کی علامت ہے ۔ تو اس کی کوئی اصل شریعت مطہرہ میں موجود نہیں ہے ۔ جہاں تک جنازہ کے حرکت کا معاملہ ہے تو یہ جنازہ کے زندہ ہونے پر دلالت کرتا ہے اور اس پر کہ اس کی وفات ابھی تک نہیں ہوئی ۔ پس جنازہ کو غور سے دیکھنا چاہیے اور اس بارے کسی سپیشلسٹ ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیے یہاں تک کہ وہ اس کی موت کی تصدیق کر دے ۔ اور جب تک اس کی موت کا یقین نہ ہو ، اس وقت تک اسے دفن نہیں کرنا چاہیے ۔

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 2 کتاب الصلوۃ